Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد — مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۷ صفر ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۱ مئی ۱۹۳۵ء — نمبر

حصہ اوّل

احکام جلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری اضافہ تنخواہ سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس۔	۲

آرڈرز آف اسٹیٹ کونسل رامپور

۲	منظوری تعطیل (۶،۷،۱۰ مئی ۱۹۳۵ء) بتقریب جشن سلور جوبلی۔	۳	۵	رخصت سید محمد حسن (عرف منجو صاحب) سوز خوان	۳
۲	منظوری رخصت سید نادر حسین (ڈاکٹر) بیجنگ (؟)	//	۲	اجازت پیروی مقدمات بہ سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل آفس	//
۲	بابت تخفیف اسامی اکاؤنٹنٹ آفس	۴۴		بحیثیت نائب اسٹیٹ ایڈوکیٹ (بعدم موجودگی اسٹیٹ ایڈوکیٹ)	//
۴	رخصت ڈاکٹر ضیاء الدین خان اسسٹنٹ سرجن	۴	۴	رخصت سید نور حسین صاحب (سپرنٹنڈنٹ باغات)	۵

(مطبوعہ سٹیٹ پریس ریاست رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی متعالی ادام اللہ اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۷ رمئی ۱۹۳۵ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی تنخواہ میں ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء سے بموجب فنڈامنٹل رول پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

ہائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض　　میرساند

جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نے بربنائے اضافہ تنخواہ پچیس روپیہ ماہانہ در گورنمنٹ بموجب ایگریمنٹ از ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء ریاست میں بھی اضافہ تنخواہ کی استدعا کی ہے۔ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر نے تحریر کیا ہے کہ بموجب فنڈامنٹل رول صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ کے مستحق ہیں۔

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ رمئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات اضافہ پیش ہوکر تجویز ہوئی کہ بابت منظوری اضافہ پیشگاہ معلی میں عرض کیا جائے۔

بنابراں ترقیم و مستدعی ہے کہ حکم منظوری اضافہ پچیس روپیہ ماہانہ در تنخواہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس از ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء پیشگاہ معلی سے شرف نفاذ پائے۔ والادب۔

دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقیم و دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
محررہ ۵ رمئی ۱۹۳۵ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۸ رمئی ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- مورخہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب چیف منسٹر بہادر بابت منظوری تعطیلات ۶ر و ۱۱ر مئی ۱۹۳۵ء بہ تقریب سعید جشن سلور جبلی ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم شہنشاہ ہند پیش ہوکر طے پایا کہ:-

جملہ دفاتر و مدارس ریاست میں ۶ر و ۱۱ر مئی ۱۹۳۵ء کی عام تعطیل بہ تقریب جشن سلور جبلی منظور کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- مورخہ ۵ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات عطائے رخصت رعایتی ڈیڑھ ماہ سید نادر حسین وارمین بجلی گھر بصورت خاص برائے روانگی حیدرآباد پیش ہوکر طے پایا کہ:-

بشرط انتظام کار از موجودہ اسٹاف بجلی گھر سید نادر حسین کی رخصت رعایتی ڈیڑھ ماہ بصورت خاص تاریخ استفادہ سے منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- مورخہ ۵ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب فائنانس منسٹر بہادر۔ بابت تخفیف عہدہ اکاؤنٹنٹ جنرل و ہیڈ پیشکار اکاؤنٹ آفس وغیرہ پیش ہوکر طے پایا کہ:-

یکم مئی ۱۹۳۵ء سے صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل اور ہیڈ پیشکار ملازمت سے ریٹائر کئے جاچکے ہیں۔ یہ دونو آسامیاں اور بقیہ دو چپراسیان متعینہ اکاؤنٹ آفس کی آسامیاں تخفیف کیجاتی ہیں۔

(۲) بصورت خلو جگہ سابقہ اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب کے دوبارہ ملازمت دئے جانے کا معینہ جات میں لحاظ رکھا جائے تاکہ ایک ایسے افسر کو جو پوری پنشن کا حقدار ہونے تک کام کرنے کے قابل ہے۔ پنشن دینے سے نقصان سرکار نہ ہو۔

ہر چہار اشخاص مذکورۂ بالا کو بموجب "قواعد پنشن"
حسب استحقاق پنشن یا انعام دیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:۔ مؤرخہ ۵ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات منظوری رخصت دس یوم مزید ڈاکٹر ضیاء الدین اسسٹنٹ سرجن بوضع تنخواہ از ۱۱ر اپریل ۱۹۳۵ء تا ۲۰ر اپریل ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

بسلسلہ سابق رخصت دس یوم مزید بوضع تنخواہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:۔ مؤرخہ ۵ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات عطائے رخصت رعایتی دو ماہ سید محمد حسن عرف ننھو صاحب دسترخوان بصورت خاص از ۱۷ر اپریل ۱۹۳۵ء تا ۱۶ر جون ۱۹۳۵ء برائے روانگی حیدرآباد پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

رخصت رعایتی دو ماہ بصورت خاص از تاریخ استفادہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:۔ مؤرخہ ۵ر مئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات عطائے اجازت پیروی مقدمات بحیثیت نائب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہ بشیر احمد خاں بی۔اے۔ سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل برانچ بحالت عدم موجودگی صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ پیش ہوکر طے پایا کہ:—

حسب تجویز صاحب چیف جسٹس بہادر بشیر احمد خاں سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل آفس کو صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ کی عدم موجودگی میں بحیثیت نائب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بجائے سرکار پیروی مقدمات کی اجازت دیجاتی ہے اس کام کا کوئی الاؤنس نہیں دلایا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۵ رمئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ رمئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات رخصت علالت دوماہ سید منور حسین صاحب (سپرنٹنڈنٹ باغات) از ۴ رمارچ ۱۹۳۵ء تا ۳ رمئی ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ:-

سید منور حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ باغات تین ماہ کی رخصت رعایتی بسلسلہ علالت حاصل کرچکے ہیں جسکی مدت ۳ رمارچ ۱۹۳۵ء کو ختم ہوچکی - اب مزید دوماہ کی رخصت علالت کی استدعا ہے - چونکہ بموجب قواعد رخصت دوقسم کی رخصتیں ایک سلسلہ میں شامل نہیں ہوسکتیں - لہذا کل پانچ ماہ کی رخصت بصورت رخصت علالت بوضع نصف تنخواہ بانتظام موجودہ ۴ ردسمبر ۱۹۳۴ء تا ۳ رمئی ۱۹۳۵ء منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری
اسٹیٹ کونسل